ششماہی "السیرۃ" العالمی

مدیر:۔ سید فضل الرحمٰن
ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز
اے۔ ۴/۱۷ ناظم آباد نمبر ۴۔ کراچی ۱۸

کراچی سے شائع ہونے والا ایک منفرد ششماہی مجلہ جو صوری اور معنوی ہر لحاظ سے نہایت خوبصورت ہے۔ اس کا پہلا شمارہ ربیع الاول ۱۴۲۰ جون، ۱۹۹۹ء پیش نظر ہے اور جاذب نظر ہے۔ سرنامے پر لکھا ہے "سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا نقیب، علمی و تحقیقی مجلہ"......

اس میں شامل تحقیقی و علمی مضامین سرنامے کی عبارت کی تصدیق کرتے ہیں۔ حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمہ اللہ عالم با عمل تھے اور صاحب فکر و نظر بھی۔ مولانا سید فضل الرحمٰن شاہ صاحب ان کے فرزند ارجمند ہیں جو اپنے والد ماجد رحمہ اللہ کی وراثت علمی و دینی کو سنبھالے ہوئے ہیں۔ سید عزیز الرحمٰن ان کے بیٹے اور حضرت سید زوار حسین شاہ صاحب رحمہ اللہ کے پوتے ہیں۔ یہ السیرۃ کے نائب مدیر ہیں۔

سیرتِ طیبہ کا موضوع اتنا ہمہ گیر اور وسیع ہے کہ ایک مسلمان اور مؤمن کبھی سیراب نہیں ہو سکتا۔ پیاس اور طلب باقی رہتی ہے اور یہ سیرت کا معجزہ ہے۔ ملک میں بے شمار دینی رسائل و جرائد شائع ہو رہے ہیں جن میں "السیرۃ" نووارد ہے۔ نقش اول سے ہی اندازہ ہوتا ہے کہ کس سچے جذبے اور تڑپ کے ساتھ اس مجلے کا آغاز کیا گیا ہے یہ ششماہی رسالہ ہر سال یکم ربیع الاول اور یکم رمضان کو شائع ہو گا۔ تازہ شمارہ میں سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں پر قرآن و حدیث سے مدلل و مرصع مضامین شامل ہیں۔ لکھنے والوں میں مولانا سید محبوب حسن واسطی، حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ، ڈاکٹر، عبدالرؤف ظفر، مفتی محمد مظہر بقا، پروفیسر ظفر احمد، سید فضل الرحمٰن، ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، ڈاکٹر محمود الحسن عارف، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، مفتی سمیع اللہ، سید عزیز الرحمٰن، ڈاکٹر حافظ منیر احمد خان، مفتی محمد ضیاء الحق دہلوی اور مولوی محمد زبیر شامل ہیں۔ نہایت جاندار اور تحقیقی مقالات و مضامین شامل ہیں جن کو پڑھ کر ایمان کو جلا ملتی ہے اور جذبہ حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم پروان چڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ کو جاری رکھنے کی توفیق عطاء فرمائیں اور انہیں قبولیت سے نوازیں (آمین) شمارہ کی قیمت ۸۰ روپے ہے اور بیرون ملک ۱۸ امریکی ڈالر ہیں۔

خصوصی اشاعت

سہ ماہی فکر و نظر (جنوری تا جون ۱۹۹۹ء شمارہ نمبر ۳۔۴) "برصغیر میں مطالعہ قرآن"
صفحات: ۳۹۵ صفحات۔ قیمت خصوصی شمارہ ۱۰۰ روپے سلانہ ۲۰۰ روپے۔
ناشر:۔ شعبہ مطبوعات، ادارہ تحقیقات اسلامی۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

"فکر و نظر" ادارہ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام شائع ہونے والا ایک علمی و تحقیقی مجلہ ہے۔ زیر نظر مجلہ اس کی خصوصی اشاعت ہے جو برصغیر میں مطالعہ قرآن کے حوالے سے گرانقدر تحقیقی مضامین کا خوبصورت مجموعہ ہے۔ چند عنوانات ملاحظہ ہوں۔

- قرآن فہمی کے اصول (علمی کام کا جائزہ) ڈاکٹر عبدالرشید رحمت۔
- برصغیر میں مطالعہ قرآن (تراجم و تفاسیر) ڈاکٹر اعجاز فاروق اکرم
- برصغیر کے حوالے سے خدمات لغات القرآن کا تحقیقی جائزہ (ڈاکٹر فضل احمد)
- مضامین قرآن کے اشاریے (عبدالعزیز عرفی)
- بیان القرآن ایک جائزہ